بسم اللہ الرحمن الرحیم ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی اٰلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک بعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أرحم الناس صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار سب سے زیادہ رحیم درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

عن علی رضی اللہ عنہ
فی صفۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کان ارحم الناس
بالناس وقال رویناہ
فی الجزء الاول من
فوائد ابی الدحداح۔
(المغنی للعراقی ج ۲ ص ۳۶۳)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے۔ وہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا
وصف بیان کرتے ہیں کہ آپ تمام
لوگوں میں لوگوں کے ساتھ زیادہ رحم
کرنے والے تھے اور کہا اِس کو
روایت کیا ہم نے فوائد ابی الدحداح
جلد اوّل میں۔

عن صفیۃ بنت
عبد المطلب رضی اللہ عنہا :
رحمۃ کان للبریۃ طُرًا
فھدی من اطاع للسداد
(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲ ص ۳۳۰)

حضرت صفیہ بنت عبد المطلب
رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں :
آپ کُل جہان کے لیے
رحمت تھے۔ جس نے آپ کی
تابعداری کی، اس کو سیدھا راہ دکھایا۔